24/01/2026

09.25 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر مینعابدہ اختر

PM

وزیر اعظم نریندر مودی آج منعقد ہونے والے 18ویں روز گار میلے کے دوران61ہزار سے زائد نوجوانوں میں آن لائن موڈ کے ذریعے نوکریوں کے آڈر تقسیم کریں گے ۔ اس سلسلے مینملک کے 45مختلف مقامات پر تقریبات منعقد ہورہی ہیں۔

سوا ندی

پردھان منتری سوا ندی کریڈٹ کارڈ سہولت کے ملک گیر آغاز کے موقعے پر جموں کشمیر کے مختلف اضلاع میں خصوصی تقریبات منعقد کی گئیں۔ وزیر اعظم نریند ر مودی نے قومی سطح پر اس اسکیم کا آغاز کرتے ہوئے ایک لاکھ سٹریٹ وینڈرس کے حق میں قرضہ جات فراہم کئے ۔

سرینگر میونسپل کارپوریشن میں اس موقعے پر براہ راست ویب کاسٹنگ کا اہتمام کیاگیا ، جہاں نے اہل وینڈرس میں کریٹ کارڈس اور منظوری نامے تقسیم SMC ڈپٹی کمشنر سرینگر اور کمشنر کئے ۔

اسی طرح جموں کشمیر کے تمام اضلاع میں بھی ضلعی انتظامیہ نے پروگرام میں شرکت کی اور درجنوں سٹریٹ وینڈرس کو قرض کی منظوری کے کارڈ فراہم کئے ۔

ناگپال

شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کے بانی ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر اجیت کمار ناگپال نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں طبی نگہداشت کا شعبہ اگر چہ ترقی کی بلندیوں کوچھو رہا ہے تاہم متعلقین کی کاوشوں کی بدولت اس شعبے میں مزید بہتری لائی جا سکتی ہے۔

آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے اپنے تاثرات کایوں اظہا رکیا۔

........Nagpal........

یوم جمہوریہ

یوم جمہوریہ کی تقریبات کے حوالے سے انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے ۔ یوٹی میں یوم جمہوریہ کی سب سے بڑی تقریب جمونمیں منعقد ہوگی۔جبکہ کشمیر میں اس طرح کی بڑی تقریب بخشی اسٹیڈیم سرینگرمینمنعقد ہوگی ۔

کشمیر وی کے بردی اور ڈپٹی کمشنر سرینگر IGPاس بیچ ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ ، اکشے لابرو کے علاوہ دیگر کئی افسروں نے بخشی اسٹیڈیم کا دورہ کرکے موسم کی تبدیلی کے بعد وہانکی صورتحال کا جائزہ لیا۔

ڈویژنل کمشنر نے اسٹیڈیم سے پانی کی نکاسی کے عمل کو تیز کرنے کی ہدایت دی ۔

ٹریفکIGP

ٹریفک محمد سلیمان چودھری نے کشمیر وادی بانہال اور رام بن میں حالیہ برفباری کے بعد IGP ٹریفک صورتحال اور یوم جمہوریہ کے حوالے سے کئے جا رہے انتظاما ت کا جائزہ لینے کیلئے ایک اعلیٰ سطح میٹنگ کی صدارت کی۔

ٹریفک نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ موسمی صورتحال بہتر ہونے تک جموں کی جانب IGP جانے والی گاڑیوں کی نقل و حرکت محدود رکھی جائے جبکہ قومی شاہراہ پر مسافروں کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے تمام اقدامات کئے جانے چاہیے۔

انہوں نے یوم جمہوریہ کے موقعے پر ٹریفک کی بلا خلل آوا جائی کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت دی ۔

بجلی

کشمیر میں شدید برف باری اور تیز ہواؤنکے باعث بجلی کا ترسیلی نظام بری طرح متاثر ہوا تاہم کشمیر پاور ڈسٹریبوشن کارپوریشن لمیٹیڈ نے وادی میں80فیصد سے زیادہ بجلی نیٹ ورک بحال کر لیا ہے ۔

کے مطابق خرا ب موسمی صورتحال کے نتیجے میں بجلی کی ترسیلی لائنیں کٹ گئیں KPDCL جس سے بجلی کا لوڈ 1ہزار6سو 50میگا واٹ سے93میگا واٹ تک گر گیا ۔جس کی وجہ سے متعدد علاقوں میں بجلی کے فیڈرس کو کافی نقصان پہنچا ۔

کار پویشن نے کہا ہے کہ وادی کے باقی ماندہ علاقوں میں بجلی کی سپلائی جلد بحال کی جائے گی ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ آ ج مسلسل دوسرے روز بھی گاڑیونکی آمد رفت کیلئے بند رہے گی ۔ خراب موسمی حالات کے باعث بانہال اور قاضی گنڈ کے علاقوں میں شدید پھسلن پید ا ہو گئی ہے جس سے ٹریفک کی بحالی ممکن نہ ہو سکی ہے ۔

حکام کے مطابق برف ہٹانے کا کام جاری ہے ۔اس دوران کولگام پولیس نے شاہراہ کے مختلف مقامات پر درماندہ مسافرونکو راحت پہنچائی ہے ۔

انتظامیہ نے عوام کو غیر ضروری سفر سے اجتناب کرنے کی اپیل کی ہے ۔

اس بیچ بانہال بارہمولہ ریل سروس آج بحال کی گئی ہے ۔

Winter

وادی میں موسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ساتھ گرمی دینے والے آلات کا استعمال جاری ہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

-----Winter Jingle-----

گرل چائلڈ

آج نیشنل گرل چائلڈ ڈے منایاجا رہا ہے ۔ اس دن کو منانے کا مقصد سماج مینبچیونکے تحفظ اور جنسی تفاوت سے کے توہمات کے خاتمے سے متعلق بیداری پیدا کرناہے۔

اس سلسلے میں آج کئی پروگرام منعقد ہو رہے ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارتمنفی1اعشاریہ 4ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت4اعشاریہ5ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ